**14.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسداللہ

**Music**

☆ بھارت نے باہمی فائدے کے لیے چین کے ساتھ تعلقات کو مسلسل معمول پر لائے جانے پر زور دیا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بیجنگ میں چین کے نائب صدر سے بات چیت کی۔

☆ گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا اور عملے کے تین دیگر ارکان کو لے جانے والے Axiom-4 کے Undocking کا عمل آج شام ساڑھے چار بجے شروع ہوگا۔

☆ امریکہ یوکرین کو روس کے ساتھ اُس کی لڑائی میں مدد کرنے کی غرض سے پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام فراہم کرے گا۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے آج راجستھان، گجرات، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کے حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت کو آج لارڈس میں تیسرے ٹسٹ کے آخری دِن انگلینڈ کے خلاف میچ جیتنے کے لیے 135 رَن کی ضرورت ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Jaishankar China**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے پیچیدہ بین الاقوامی صورتحال میں بھارت اور چین کے درمیان خیالات اور نقطہ نظر کے کھلے تبادلے کی اہمیت پر زور دیا ہے ۔ ڈاکٹر جے شنکر نے آج بیجنگ میں چین کے نائب صدر Han Zheng سے ملاقات کی۔

انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ دونوں ممالک کے تعلقات میں مسلسل بہتری سے باہمی فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر شی جن پنگ کے درمیان گزشتہ اکتوبر میں Kazan میں ہونے والی ملاقات کے بعد بھارت اور چین کے دو طرفہ تعلقات میں مسلسل بہتری آرہی ہے۔ وزیر موصوف نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اِس دورے کے دوران اُن کے تبادلہ خیال سے مثبت رجحان کا سلسلہ جاری رہے گا۔

*S-B S. Jaishankar*

ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بھی کہا کہ کیلاش مانسرور یاترا کی بحالی کو بھارت میں وسیع پیمانے پر سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) میں چین کی کامیاب صدارت کی حمایت کرتا ہے۔ وہ چین کے شہر Tianjin میں کل منعقد ہونے والے SCO کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کے لیے چین کے دو روزہ دورے پر ہیں۔x

**Sikkim Kailash Mansarovar**

ناتھولا کے راستے سکم جانے والا کیلاش مانسرووَر یاترا 2025 کا چھٹا جتھا آج سکم پہنچے گا۔ اس جتھے میں 52 افراد ہیں، جن میں 45 یاتری، دو رابطہ افسر اور ITBP کے ایک ڈاکٹر شامل ہیں۔ اس کے علاوہ گینگٹوک میں مدد کیلئے عملے کے چار افراد کو پہلے ہی تعینات کیا جاچکا ہے۔×

**Axiom-4**

بھارتی خلاباز گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا اور عملے کے تین افراد پر مشتمل Axiom - 4 مشن آج زمین پر واپسی کا اپنا سفر شروع کرے گا۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بھارتی وقت کے مطابق آج سہ پہر ساڑھے چار بجے Undocking کا عمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ Axiom - 4 کا عملہ، بھارتی وقت کے مطابق کل سہ پہر تین بجے زمین پر واپس آئے گا۔ اپنے مشن کے دوران گروپ کیپٹن شکلا نے بھارت کیلئے مخصوص 7 تجربات کئے۔ ISS پر اپنی الوداعی تقریب میں گروپ کیپٹن شکلا نے خلاء کے اپنے سفر کو غیر معمولی قرار دیا۔

***S/B Shubhanshu-Axiom-4***

Axiom - 4 مشن شکلا کو لے کر 26 جون کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے لیے روانہ ہوا تھا۔ مشن میں شکلا کے علاوہ امریکہ، پولینڈ اور ہنگری کے خلاباز بھی شامل ہیں۔ یہ مشن فلوریڈا میں ناسا کے کینیڈی اسپیس سینٹر سے SpaceX Falcon 9 کے ذریعے روانہ ہوا تھا۔×

**Court National Herald Case**

دلّی کی راؤز ایونیو عدالت نے نیشنل ہیرالڈ سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں کانگریس کے سینئر رہنما سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے خلاف انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی شکایت پر آج اپنا حکم محفوظ رکھا ہے۔ عدالت نے اِس معاملے پر حکم سنانے کے لیے 29 جولائی کی تاریخ مقرر کی ہے۔یہ معاملہ اس بات سے متعلق ہے کہ آیا نیشنل ہیرالڈ معاملے میں دائر ضمنی چارج شیٹ پر کارروائی کی جائے یا نہیں، جس میں کانگریس رہنماؤں کے خلاف کالے دھن کو جائز بنانے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔سبھی ملزمان نے ED کی درخواست کی مخالفت کی ہے اور الزامات کی تردید کی ہے۔x

**ED- Vadra**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED ہتھیاروں کے ڈیلر سنجے بھنڈاری سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے کے سلسلے میں کانگریس کی سینئر لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا کے شوہر رابرٹ واڈرا سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ نئی دلّی میں ED کے دفتر پر اُن سے پوچھ تاچھ کی جارہی ہے۔ اس سے قبل ایجنسی نے جناب واڈرا سے کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک اور معاملے میں پوچھ تاچھ کی تھی، جس کا تعلق ان کی کمپنی کی جانب سے گروگرام میں ایک زمین خریدنے سے تھا۔×

**Visakhapatnam Bimstec**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آج وشاکھا پٹنم میں بندرگاہوں سے متعلق دو روزہ Bimstec کانکلیو کا آغاز کیا، جس میں خلیج بنگال کے اطراف آباد ملکوں کے درمیان علاقائی بحری رابطوں اور اشتراک میں اضافے کے اپنے عہد پر غور خوض کیا جائے گا۔ اس موقع پراظہار خیال کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ بھارت کی پڑوسی پہلے پالیسی اس کے علاقائی بحری شعبے میں تعاون کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ آبی نقل وحمل کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے 'ہریت ساگر' اور 'گرین پورٹس' جیسے اقدامات شروع

کیے گئے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ملک کی بندرگاہوں سے ساز وسامان سے متعلق خدمات میں گزشتہ دہائی کے دوران 70 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

***S-B Sarbanand Sonowal***

بندرگاہوں سے متعلق دو روزہ BIMSTEC کانکلیو وشاکھاپٹنم پورٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام منعقد ہو رہا ہے، جس کا موضوع ہے 'بحری معیشت، اختراع اور پائیدار شراکت داری'۔اس کانفرنس میں BIMSTEC کے رکن ممالک بنگلہ دیش، بھوٹان، بھارت، میانمار، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈکی وزارتوں کے نمائندے اور بندرگاہوں کے عہدیدار شرکت کر رہے ہیں۔x

**PM Nigeria Prez**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نائجیریا کے سابق صدر محمدو بوحاری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی دانائی، خلوص اور بھارت-نائجیریا دوستی کے لیے ان کا غیر متزلزل عزم ہمیشہ نمایاں رہا۔وزیر اعظم نے مختلف مواقع پر ان سے ہونے والی ملاقات اور بات چیت کو یاد کیا۔ انہوں نے جناب بوحاری کے اہل خانہ، نائجیریا کے عوام اور حکومت سے دلی تعزیت کا اظہار بھی کیا۔x

**US Ukraine Missiles**

امریکہ یوکرین کو روس کے خلاف جنگ میں مدد کرنے کی غرض سے پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام فراہم کرے گا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے میری لینڈ میں Joint Base Andrews میں میڈیا کو بتایا کہ انہوں نے یوکرین کو دیے جانے والے پیٹریاٹ میزائلوں کی تعداد پر ابھی اتفاق نہیں کیا ہے، لیکن انہوں نے کہا کہ یوکرین کو کچھ ضرور دیے جائیں گے کیونکہ اسے واقعی تحفظ کی ضرورت ہے۔

روسی صدر ولادیمیر پوتن سے اپنی مایوسی کا اعادہ کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکہ یوکرین کو پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام فراہم کرے گا، جس کی اُسے اشد ضرورت ہے، کیوں کہ پوتن نے بہت سے لوگوں کو حیران کر دیا ہے۔ امریکہ نے یہ قدم اپنے اِس فیصلے کے محض دو ہفتے بعد اُٹھایا ہے کہ وہ یوکرین کو بعض اسلحوں کی فراہمی روک دے گا۔

**Chandrayan-3 Launch**

بھارت کی سائنسی کاوشوں کے نتیجے میں ایک تاریخی حصولیابی چندریان-3 کے آج دو برس مکمل ہوگئے ہیں۔ اس مشن کا اصل مقصد چاند کے قطبِ جنوبی کے پاس لینڈر اور رُووَر کو اُتارنا تھا اور اُن کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنا تھا۔ 2023 میں آج ہی کے دن خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو کی جانب سے تیار کردہ LVM 3 M 4 راکٹ کے ذریعہ چندریان تین مشن کو مدار میں بھیجا گیا تھا۔ 23 اگست 2023 کو چندریان تین نے چاند کے قطبِ جنوبی پر سافٹ لینڈنگ کی تھی۔ اس کامیابی کے ساتھ بھارت چاند پر لینڈنگ کرنے والا چوتھا ملک اور چاند کے قطبِ جنوبی کے پاس سافٹ لینڈنگ کرنے والا پہلا ملک بن گیا تھا۔ اس مشن کے دوران مختلف تجربات بھی کیے گئے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے جس جگہ چاند پر وِکرم لینڈر اور پرگیان رُووَر اُترے تھے، اس کانام شیوشکتی رکھا تھا۔x

**AP-Road Accident**

آندھراپردیش کے Annamayya ضلع میں کل رات پیش آئے ایک سڑک حادثے میں 9 افراد ہلاک ہوگئے۔ اس حادثے میں کچھ دیگر افراد بھی شدید طور پر زخمی ہوگئے ہیں۔حکام کے مطابق یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب آم لے جارہی ایک لاری پلٹ گئی۔ زخمیوں کو Rajampet سرکاری اسپتال میں منتقل کردیا گیا ہے۔ آندھراپردیش کے گورنرایس عبدالنظیر نے اس سڑک حادثے پر رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔x

**Sudan Killing**

مغربی سوڈان کی شمالی ریاست Kordofan میں پیرا ملٹری ریپڈ سپورٹ فورسز RSF کے حملوں میں کم از کم 18 عام شہری ہلاک اور 31 زخمی ہو گئے۔سوڈانی ڈاکٹرس نیٹ ورک، نے جو کہ رضا کاروں پر مشتمل ایک گروپ ہے، ان حملوں کو بہیمانہ کارروائیاں قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تمام انسانی اصولوں اور بین الاقوامی کنونشنز کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔جون سے سوڈانی مسلح افواج SAF اور RSF کے درمیان Bara شہر کے اطراف شدید لڑائی جاری ہے۔ Bara شمالی Kordofan کی راجدھانی El Obeid کے شمال مشرق میں واقع ایک اہم قصبہ ہے، جس پر RSF قبضہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ x

**Bihar Lightning Deats**

بہار میں گزشتہ چوبیس گھنٹے میں بجلی گرنے کے سبب کم سے کم 9 افراد ہلاک اور کئی دوسرے زخمی ہوگئے۔ سب سے زیادہ پانچ اموات Banka ضلعے میں ہوئی ہیں، جبکہ دو افراد گیا میں ہلاک ہوئے ہیں۔x

**Punjab-Sports**

پنجاب کے نوجوانوں کی توجہ منشیات سے کھیلوں کی جانب مبذول کرانے کی خاطر حکومت، ریاست کے سبھی 13 ہزار گاؤوں میں کھیلوں کے جدید میدان قائم کرے گی۔ کل چنڈی گڑھ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پنجاب کے وزیرِاعلیٰ بھگونت مان سنگھ نے کہا کہ اُن کی حکومت کا ہدف پنجاب کو منشیات سے مبرا کرنا ہے اور اسے یقینی بنانے کیلئے نوجوانوں کو ایک ایسا متبادل فراہم کرنا ہوگا کہ وہ اپنی صحت پر توجہ دیں۔×

**IMD-Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج راجستھان، گجرات، جھارکھنڈ، اڈیشہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال اور مغربی مدھیہ پردیش کے حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ دو سے تین روز کے دوران دلّی، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، ساحلی کرناٹک، انڈومان ونکوبار جزائر اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آندھرا پردیش، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں دن بھر گرمی اور حبس کا موسم رہنے کی امید ہے۔×

**India-Eng- Test Cricket**

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کے تحت لارڈس میں کھیلے جارہے تیسرے ٹیسٹ میچ کے آج آخری دن بھارت کو انگلینڈ پر جیت حاصل کرنے کیلئے 135 رن درکار ہیں۔ بھارت کو جیت کیلئے 193 رن کا نشانہ ملا تھا اور کل کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے چار وکٹ پر 58 رن بنالئے تھے۔ کل چوتھے دن کا کھیل ختم ہونے سے پہلے آخری گیند پر انگلینڈ کے کپتان Ben Stokes نے آکاش دیپ کو آؤٹ کردیا تھا۔ بھارت کیلئے پہلی اننگز میں سینچری بنانے والے کے ایل راہل ابھی 33 رن بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں۔ اس سے قبل میزبان انگلینڈ کی ٹیم 192 رن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔ بھارت کیلئے واشنگٹن سندر نے چار وکٹ، جب محمد سراج اور جسپریت بمرا دونوں نے دو-دو وکٹ حاصل کئے تھے۔ پانچ میچوں کی اینڈرسن-تیندولکر ٹیسٹ سیریز اس وقت ایک-ایک سے برابری پر ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆